حکومت پاکستان

وزارت مذہبی اُمور و بین المذاہب ہم آہنگی

(گرین ٹرسٹ ٹاور، آٹھویں منزل، بلیو ایریا، اسلام آباد)

درخواست کی دعوت

اقلیتی طلباء وطالبات کے لئے تعلیمی وظائف برائے مالی سال 17-2016

اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے مختلف کیٹیگریز کے تحت ضرورت مند (پرائمری تا پروفیشنل لیول) طلباء وطالبات سے رواں مالی سال 17-2016 کیلئے پالیسی اور شرح کے تحت وظائف کے حصول کے لئے مقررہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں۔ وظائف درج ذیل شرائط اور طریقہ کار کے تحت دیئے جائیں گے۔

i. **سرکاری تعلیمی اداروں کے ایسے ریگولر طلبہ** ان وظائف کے اہل ہونگے جنہوں نے گزشتہ برس امتحان میں کم ازکم 50 فیصد نمبر حاصل کئے ہوں۔

ii. اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ جنہوں نے گزشتہ ایک سال کے دوران سالانہ امتحان پاس کیا ہو درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔

iii. ایسے یتیم، محروم، معذور، ضرورت مند اور غریب طلباء وطالبات وظائف کے اہل ہوں گے جو اقلیتوں سے تعلق رکھتے ہیں اور اچھا تعلیمی ریکارڈ رکھتے ہیں۔ سکول کی سطح پر طلباء وطالبات کے والدین/ سرپرست کی ماہانہ آمدنی -/10,000 روپے سے زائد نہ ہو اور دیگر طلبا وطالبات کے والدین/ سرپرست کی ماہانہ آمدنی 20,000 روپے سے زائد نہ ہو۔

iv. درخواست بذریعہ مجوزہ پرفارما دی جائے جس کے تحت گزشتہ سالانہ مارکس شیٹس (دوسمسٹرز کی مارکس شیٹ/ پراگریس رپورٹ) اور والدین/ سرپرست کی ماہانہ آمدن کے سرٹیفیکیٹ بھی شامل ہوں۔

v. طلبہ سے متعلقہ تمام معلومات و اسناد کی تصدیق تعلیمی ادارے کا سربراہ کرے گا۔ طلبہ کی حقیقی کارکردگی جانچنے کے لئے آخری سالانہ امتحان کی پراگریس رپورٹ/ مارکس شیٹ کی تصدیق شدہ نقل ساتھ منسلک کریں۔ **چھپے ہوئے فارم یا سادہ کاغذ پر بنی مارک شیٹ قابل قبول نہ ہوں گی۔**

vi. ادارے کے سربراہ یا ملازم کے لئے ضروری ہے کہ وہ انکم سرٹیفیکیٹ پر دستخط کرنے سے پہلے طلبہ کے والدین/ سرپرست کی درست آمدن کی یقین دہانی کرلیں۔

vii. ادارے کے سربراہ کو یقین دہانی کرنی ہوگی کہ فارم ہر طرح سے مکمل ہیں۔ تمام طلبہ کی فہرست بنانی ہوگی اور کورنگ لیٹر پر دستخط کر کے متعلقہ وزارت کو ارسال کرنے ہونگے۔ **درخواستیں صرف متعلقہ تعلیمی اداروں کے توسط سے ہی وصول کی جائیں گی۔**

viii. وہ طلباء وطالبات جو پہلے سے ہی کسی اور ذریعہ سے مالی تعاون و وظائف یا سکالرشپ حاصل کر رہے ہوں اہل نہیں ہوں گے۔

ix. نامکمل درخواست فارم قابلِ قبول نہ ہونگے۔

x. طلبہ/ والدین/ سرپرست کو چاہیے کہ **اپنے مفاد میں رابطہ نمبر اور ای میل ایڈریس فراہم کریں** تا کہ کسی بھی طرح کی معلومات فوری طور پر حاصل کر کے بروقت عملدرآمد کیا جاسکے۔

2. ہر طرح سے مکمل درخواستیں بمعہ دستاویزی ثبوت زیردستخطی کو اشتہار ہذا کی اشاعت سے **30 دن** کے اندر اندر لازمی پہنچ جانی چاہئیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں زیرغور نہیں لائی جائیں گی۔ درخواست فارم اخبارات سے فوٹو کاپی کر کے، متعلقہ وزارت کی ویب سائٹ **www.mora.org.pk** سے ڈاؤن لوڈ کر کے یا وزارت ہذا کے دفتر سے مفت حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

(**احسان الدین**) سیکشن آفیسر (اقلیات)، فون نمبر: 051-9207466

{منسلکہ فارم ''اے''}

درخواست برائے اقلیتی برادری کے طلبہ کیلئے سکالرشپ

1- نام طالب علم ________ 2- جنس (مرد/عورت) ________

3- طالب علم کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر یا نادرا 'ب' فارم نمبر (نقل منسلک کریں) ________

4- والد/سربراہ کا نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (نقل منسلک کریں) ________

____

5- والد کا پیشہ/شعبہ ________ 6- برادری/فرقہ (کمیونٹی) ________

7- طالب علم کا رہائشی پتہ ________

رابطہ نمبر ________ ای میل ________

8- کلاس اور کورس (شعبہ) جس میں تعلیم حاصل کی ________

9- کلاس اور کورس (شعبہ) جس کی بنیاد پر سکالرشپ کیلئے درخواست دی ________

10- جس تعلیمی ادارے سے تعلیم حاصل کر رہے ہیں اس کا نام، پتہ اور رابطہ نمبر ________

____

11- حالیہ پاس شدہ سالانہ امتحان کی تفصیل (الف) سال ______ (ب) کل نمبر ________

حاصل کردہ نمبر ______ حاصل کردہ نمبروں کی پرسنٹیج ________ فیصد (حالیہ سالانہ امتحان کی کارکردگی رپورٹ/مارکس شیٹ کی نقل منسلک کریں)

12- وزارت ہذا سے گزشتہ سال کے دوران حاصل کردہ سکالرشپ کی تفصیل ________

13- کسی بھی دیگر ذرائع سے حاصل کردہ مشاہرہ یا مالی معاونت کی مالیت/رقم (اگر کوئی ہو) ________

تاریخ ________ دستخط درخواست گزار ________

ادارے کے سربراہ کی جانب سے سرٹیفکیٹ

تصدیق کی جاتی ہے کہ جناب/محترمہ ________ ولد جناب ________

ادارہ ہذا ________ کا/کی طالب علم ہے اور جماعت ______ میں پڑھتا/پڑھتی ہے، اور یہ کہ مذکورہ طالبعلم کسی دیگر ذرائع سے مالی معاونت حاصل نہیں کر رہا/رہی۔ طالب علم کی کارکردگی تسلی بخش اور مالی معاونت کی حقدار قرار دی جاتی ہے۔

ادارے کا پتہ اور رابطہ نمبر: ________

سربراہ ادارہ کے دستخط اور مہر ________

طالب علم کے والد/سربراہ کا آمدن سرٹیفکیٹ

تصدیق کی جاتی ہے کہ جناب/محترمہ ________ ہمارے ادارے ________

میں بطور ________ ملازمت کرتا/کرتی ہے، اور اس کی ماہانہ آمدن تقریباً ________ روپے ہے اور یہ درخواست گزار/طالب عالم کا/کی (رشتہ) ________ ہے۔

____

آجر یا پرنسپل/ادارہ یعنی سکول، کالج، یونیورسٹی وغیرہ کے سربراہ کی مہر اور دستخط